لگائے اور کو بھی تیر تو شکار ہون مین

قضا بھی پھر گئی سو بار ڈھونڈھکر مجھکو
فراق یار مین یہ ناتوان و زار ہون مین

شگفتہ رہنے دے اکدم تو مجکو باد خزان
کہ اس چمن گل آخر بہار ہون مین

شب فراق مین مجکو نہ زندہ رہنا تھا
دکھاؤن صبحکو کیا منھ کہ شرمسار ہون مین

مثال آئنہ بیجا نہین یہ حیرانی
کوئی تو سامنے میرے ہے جو دوچار ہون مین

وہ کوہ ہون جو گرے شیشہ مین نہ بال پڑے
جلے نہ جس سے پرکاہ وہ شرار ہون مین

جنون کی فصل ہے مرضی ہے یہ گریبان کی
بغیر ہاتھ لگائے ہی تار تار ہون مین

خط شمشیر سے کیا ہم تن پہ نشان رکھتے ہین
بات بھی لب تلک آتی نہین آنے کی کہان
کتنا خوبان جہان تنگ دہان رکھتے ہین
مسکر قتل وہ ہوتا ہے اگر بوسے دو
ورنہ کیون کو تب سفر مین زبان رکھتے ہین
ایک سی بات نکالی نہین سکتے ہین
اے ہمین قافلہ اشک روان رکھتے ہین
یوسف ... کی ہمارے کہین ہاتھ سے جائے
قدم آگے نہ کسی کو گمان رکھتے ہین
ناوک آہ ضعیفان سے تو ڈرتے رہو
یادون ہم تو تغافل مین جہان رکھتے ہین
دیکھ کر تو نہین جانا ہی ابھی سے صد ا

جس سے باتون مین لگا رکھتے ہین
ہم بھی غافل وہ زبان سحر بیان رکھتے ہین

گر شمع رخان پردہ تیری سے اٹھا دیوین
ہر ساکن محفل کو پروانہ بنا دیوین
ان ظلم کے مارون کو کب بزم مین جا دیوین

شوق نظارۂ قاتل جو پس از ذبح نہ تھا	کیون کھلی رہ گئین میری تہ خنجر آنکھین
کشتۂ چشم ترا جان سے آہوئے ختن	سنگ تربت سے مری ملتے ہین اکثر آنکھین
دیکھکر چشم خماری کی تری سرخی کو	شرم کے مارے چراتی ہین کبوتر آنکھین
کہین لیلی کے تو آنے کی خبر آج نہ ہو	آہوے نجد بچھاتے ہین زمین پر آنکھین
دوستان کو جو مین یاد کرون ای ساقی	وہین بھر آئین مری صورت ساغر آنکھین
شیفتہ صورت خوبان پہ نہوتا ہرگز	صانع خلق بناتا نہ مری گر آنکھین

دید گلزار جہان اور بھی کرے غافل
بند ہو جائین گی اک روز مقرر آنکھین

کون کہتا ہے کہ ہم عشق نہان رکھتے ہین	اشک خونبار و نہ ہونٹون پہ فغان رکھتے ہین
تیغ ابرو پہ گھمنڈ اتنا بتان رکھتے ہین	نہ تو تلوار نہ خنجر نہ سنان رکھتے ہین
دیکھ لے لالہ وطاؤس سے بھی چھپ نہ سکے	یہ ہمین ہین جو تری داغ نہان رکھتے ہین
اثر سوز جدائی سے وہ جل جاتے ہین	یار تربت پہ مری پھول جہان رکھتے ہین
کلفت دل ہی سے جاتا ہون پس مرگ دیا	میری چھاتی پہ یہ کیون سنگ گران رکھتے ہین

شمع مجالس کو آہون سے بجھا دیوین
تقریر مین خوبان کے اعجاز اثر لائے
زندون کو مرے دم سے ہم مرد کو جلا دیوین
زنبور کو کر یہ نسبت نفرت سے ہم نشان ہے
ہو جاے نہ ہنسی نقش کو دکھا دیوین
تصویر اگر تیری ہم کس کی ہو جاے
ہم شرم کی طرف سے اسے جھکا دیوین
آہون سے دم اپنی گردون کو اب نہ جلا دیوین
ان آنکھون سے کیا کہین ہم ان کی امید ہو
جو وعدہ کبھی دن کا ہو تو بیٹھ کر ہم جوان دل
وہ رہ دل جو ہنسا دیوین دیا دلی ہے
کس بات کا ہے جو ان سے دل رکھتا ہو
ہم طرز فغان ان کی وفا بیان
صاحب دم ہو ہماری جان اپنی جان
ہو کر ہم دیکھا ہو کبھی آوئی نہین
کو

کہو سے عاشق و معشوق مقابل تو کیا
آنکھ تصویر سے تصویر ملانے کی نہیں

تری پازیب کی جھنکار یہی کہتی ہے
بخت خوابیدہ عشاق جگانے کی نہیں

چینی رنگ پہ اک شوخ کے ہم عاشق ہیں
زردی چہرہ کبھی چہرہ سے جانے کی نہیں

گر ترے عشق میں بدنام ہوا ہوں تو مجھے
حور جنت بھی کبھی پاس بٹھانے کی نہیں

اپنے مجنوں کی ذرا دیکھ تو بے پروائی
پیرہن چاک ہوا اور رفو کر سلانے کی نہیں

وقت رخصت یہی مجنوں نے کہا لیلی سے
پھر ہوا آئیگی تو جیتا مجھے پانی کی نہیں

بزم خوباں میں مناسب نہیں نالہ کرنا
چپ ہوا ای دل کہ یہ جا شور مچانے کی نہیں

روز و شب اسکی اطاعت ہی میں رہنا غافل
یار بگڑے گا تو کچھ بات بن آنے کی نہیں

بسمل تیغ خوں چکاں ہوں میں
یعنی ایک دم کا میہماں ہوں میں

مجھ میں اور یار میں ہے اتنا فرق
بے دہن وہ ہے بے زباں ہوں میں

مثل تصویر لیلی و مجنوں
یار بھی ساتھ ہے جہاں ہوں میں

ساتھ والوں نے ساتھ چھوڑ دیا
کس قدر تنگ کارواں ہوں میں

دیوان غافل ۴۵

خاطر یار گراں ہوں میں
منھ نہ موڑوں گا تیغ سے غافل
کیا ہوا مشت استخواں ہوں میں
یہ کون سا پروانہ ہوا جل کے لگن میں

کہد یجیو اے بادِ صبا شاہد گل سے
آتا ہی جو دہان اُس قدِ موزون کا تصور

تیرے لیے روتا ہی کوئی نجد کے بن مین
لگ لگ کے گلے سرو کے روتا ہون چمن مین

سر کوئی اُٹھاتا نہین آگے مرے غافل
بیٹھا ہے عمل جب سے مرا ملک سخن مین

کسطرح نالہ کرے بلبل چمن کی یاد مین
گھس گئی اُسکی زبان تو شکوہ صیاد مین

داد خواہ ہونگی اگر پرسش ہوئی روز جزا
سب سے پہلے آئینگے ہم عرصہ فریاد مین

کیا لپٹ جائین تر آغاز سمجھکر اُسکو ہم
یہ نزاکت یہ صباحت ہی کہان شمشاد مین

کام معشوقون سے بھی عاشق کی لیتا ہی یہ عشق
کیون نہ شیرین جان دے اپنی غم فرہاد مین

دامن دل اے نسیم گلشن جنت نہ کھینچ
لگ گیا ہی جی ہمارا اس خراب آباد مین

حشر تک بھی کھینچ نہین سکتی کی صورت یار کی
گر یون ہی محبت رہیگی مانی و بہزاد مین

کہہ چہ جانان مین یار و کون سنتا ہی مری
مجھسے وہ ان پھرتے ہین لکھون دا داد بیداد مین

شکر کتنا آپ سے غافل کبھی آتا نہین
عمر اک جبتک نہ کھوے خدمت استاد مین

[illegible]

نازِ ہر گز نہ کرے آئینہ سازِ آہن
حلقۂ جوہر شمشیر کا کھلتا نہین بھید
پاؤن پڑتی ہے سلاسل کی جا زندان سے
تیری خنجر نے جو منھ موڑ لیا ذبح کے وقت
خط تقدیر مٹانے سے کوئی مٹتا ہے

دستِ داؤد مین جو لیکھے جو گداز آہن
منتظر کیسا ہے یہ دیدۂ بازِ آہن
باعث قیدی میرا یہ نیاز آہن
ہو گئے ہم تو وہ ہین گشتۂ نازِ آہن
کبھی صیقل سے نمود طراز آہن

تیرہ بختی مین مرے عیب نہان ہین غافل
جیسے زنگار مین پوشیدہ ہو راز آہن

فردِ عصیان کی سیاہی کا ہمین کچھ غم نہین
مجمع خوبان مرقع سے ذرا بھی کم نہین
بوستان مین بھی دل غمگین مرا خرم نہین
کب تہ و بالا مری افغان سے اک عالم نہین
تیری اوصاف سے نسبت نہین ہے کچھ اسے
گریۂ مجنون کے ہین آثار باقی آج تک

ابر رحمت سے ہمارا دیدۂ تر کم نہین
کون سے محبوب پر تصویر کا عالم نہین
تختۂ تابوت سے تختہ چمن کا کم نہین
صور اسرافیل سے نالہ مرا کچھ کم نہین
ہین نہان ہے روی گل پر قطرۂ شبنم نہین
اوس کے قطرون سے کچھ دامانِ صحرا نم نہین

ورنہ فن شاعری مین وہ کسی سے کم نہین
کون سی شب ساقی مہوش مرا ہمدم نہین
گردن مینا مین کس دن ہاتھ اپنا خم نہین
اندنون بر گشتہ خون اشکو قرار اک دم نہین
گر یہی عالم رہا اسکا تو پھر عالم نہین
مر گئے مجنون کا جہان مین اسکو غم نہین
خانۂ زنجیر مین کب شیون و ماتم نہین
اب بھی جی دیتا ہین شوق جان نثاری کم نہین

[illegible]

جان بھی دے کوئی تو اسکو کہین خاتم نہین
اے سلیمان جہان یہ دست رنگین مین ترے
حلقۂ چشم پری ہے حلقۂ خاتم نہین
نام کیدم بھی رہتا ہے اہل ظرف کا
جام جم سے شہرت بیجا ہے جہان مین جم نہین
سینۂ زلشان محبت کی بجھے کیا ہے خبر
زخم گلچین ہے یہ نمکین قطرۂ شبنم نہین

وصل کی شب تو مجھے لینے دو اپنا کام دل
حلقۂ گیسو تو کیون دیتا ہے دست غیر مین
میری وحشت دیکھکر آہو بھی حیران رہگئے
ایک عالم ہے منور نور حسن یار سے
کتنے ٹیڑھونکو بنایا دم مین سیدھا یار نے

ہم ہین یا تم ہو یہان اور کوئی نامحرم نہین
ای پری پر دیو کے شایان تو خاتم نہین
چوکڑی بھولے ہین ایسی وہ کہ تاب رم نہین
کون سی جا پر تو افگن نیر اعظم نہین
کون سے سرکش کی گردن اسکی آگے خم نہین

جان بلب ہے تے ہین غافل فرقت معشوق مین
گر یہی اسکا تغافل ہے تو اک دن ہم نہین

حرص سے خالی یہان کوئی بنی آدم نہین
ہم فراق یار مین مر بھی گئے سو کچھ کم نہین
ہین وہ مجنون جسے عریان تنی کا غم نہین
کب یہ خط مین رقم حال دل پرغم نہین
یار نے افشان جو چھڑکی زلف مین تو کم نہین
ہے تنور نوح میرا دیدۂ پرنم نہین

بے غرض ہو تو پھر بندہ خدا سے کم نہین
جیون کلی تصویر ہرگز تن مین انکے دم نہین
گرد صحرا کی لباس فاخرہ سے کم نہین
کونسا ہے دائرہ جو حلقۂ ماتم نہین
کوڑیالا سانپ بھی کچھ آستین اتنا سم نہین
کونسا آنسو کا قطرہ ہے جو رشک یم نہین

ملگیا تھا کیا بدن سے غیر کے تیرا بدن
جو پسینے میں ترے وہ عطر کی خوشبو نہیں

دیکھکر افسونگری تیری لب جانبخش کی
سامری کہتا ہے یہ اعجاز ہے جادو نہیں

جسکو کوے یار سے الفت ہے کچھ دید قضا
گو زمیں بھی اُسکا قبلہ کیطرف کو رو نہیں

کر مدد اے دوست تیشہ تو ہی ایسے وقت میں
کوہکن کا ابتو کوئی قوت بازو نہیں

ہم یہ روتے ہیں فراق یار میں مثل حباب
چشم تو ہم ہیں پر اُسمیں نام کو آنسو نہیں

یہ بھی نادانی ہے جان دینا وصال یار میں
گرچہ پروانہ ہوں پر جلنے کی مجھمیں خو نہیں

کیا تماشا دیکھیے اُس قلزم پرشور کا
چشم واکرنے کی فرصت جیوں حباب جو نہیں

اپنی خوش چشمی پہ اے آہو نکر اتنا غرور
چشم مجنوں میں سگ لیلی سے بہتر تو نہیں

جب تب ہوتا ہے اُسمیں آرزوے دل کا خون
مسلخ قصاب سے کچھ کم مرا پہلو نہیں

کب نہیں روتا ہوں تیری ساق پاکی یاد میں
کب ہر اک کوچہ میں آگے تا بہ زانو نہیں

قید ہو کر دل نے پائی بند غم سے مخلصی
ہے حصار عافیت وہ حلقہ گیسو نہیں

ہے کف نظر رو نہیں میری جو گل مہتاب ہے
یار بن یہ شمع تربت ہے گل خوشبو نہیں

رو رو قدرو غم میں مجنوں کے ہوئی ایسے سپید
وہ سیاہی اب میان دیدۂ آہو نہیں

عقد پروین یہ کہ مہر لب کے ترے دانے ہیں
وحشت آباد جہاں کی کوئی کیا سیر کرے
اس خرابی میں جدھر دیکھیے ویرانے ہیں

کیون نہ ترکش کا گمان ہووے ہر اک کو اے سپہر	کہ ترے تیر کے سینے مین مرے خانے ہین

کام آیا نہ بُرے وقت کوئی اے غافل
نہین معلوم یہ اپنے ہین کہ بیگانے ہین

مبتلا رنج مکافات مین فرزانے ہین
پرسش حشر سے فارغ ہین جو دیوانے ہین

گل عارض کہ چھپی کے ہمین گل کھانے ہین
داغ تو لالہ صحرائی کو دکھلاتے ہین

غلبہ کفر ہے یہ دور بتان مین بخدا
ایک کعبہ ہے اگر لاکھ صنم خانے ہین

کسکی آمد ہے جو ساقی نے تکلف کیا
کہ گلابی ہین سبو سرمئی پیمانے ہین

خوش نصیب انکے جو ہون مژہ بیکان ہین شمار
ہین جو تسبیح سے زائد وہ کوئی دانے ہین

ان پتنگون سے ہمین جانی ہین کیا نسبت ہے
ہم چراغ رخ پرنور کے پروانے ہین

آمد آمد جو سنی ہے تری اے غیرت شمع
مہتمم آج مرے بزم مین پروانے ہین

اب بھی باز آئے اگر غیر کے ملنے سے وہ شوخ
وہی باتین وہی چرچے وہی یارانے ہین

ہے کچھ اتنک ندامت کا نہ حاصل پوچھو
ہونگے سرسبز قیامت کو یہ وہ دانے ہین

منتظر تیری شہیدی کے ہین کیا جنت مین
کف حوران بہشتی مین جو پیمانے ہین

دوست کسکا چارۂ درد و غم جان ہوتا نہیں
کسکے اوپر مجکو دشمن کا گمان ہوتا نہیں

نرمی اندام خوبان پر یہ ہوتا ہے گمان
عضو عضو تن مین انکی استخوان ہوتا نہیں

شرم عصیان سے جھکی ہے اسقدر گردن مری
ورنہ اتنا طوق آہن تو گران ہوتا نہیں

کب غریبون پر نہیں ہوتا وہان تیغ ستم
کب گلی مین آسکے شور الامان ہوتا نہیں

روز ہجران مین قیامت ساری حشر کے آثار ہین
کیون زمین پھٹتی نہین شق آسمان ہوتا نہیں

حسن وہ شے ہے اگر کوئی زر گل کی طرح
لاکھ پردے مین چھپائے پر نہان ہوتا نہیں

کیا سرائے پر خطر ہے اپنا یہ جسم گلی
جو فرو کش اسمین دم کا کاروان ہوتا نہیں

ہم تو اس گلزار مین رکھتے ہین اپنی بود و باش
ایک بلبل کا بھی جسمین آشیان ہوتا نہیں

کس طرح عمر گذشتہ کی تلافی کیجیے
ہو گیا جو پیر وہ ہرگز جوان ہوتا نہیں

عشق کی صحبت مین یہ صورت بنائی ہے مری
اسقدر بیمار زار و ناتوان ہوتا نہیں

مین تو اس پر ہو رہے ہین تنگ ہم پر کیا کرون
دور پیشانی سے سجدے کا نشان ہوتا نہیں

حشر تک رہتی ہے غافل شعر رنگین کی بہار
ہر یہ وہ گلشن کہ جو ہرگز خزان ہوتا نہیں

کوئی تو ہے مجلس آرائے طرب زیر زمین
آگے پیچھے جو چلے جاتے ہین سب زیر زمین

فی المثل گر عوض بادہ ہو جیحون خم مین
کیجے [illegible] لت سے سوا اور نہ بھی جائے امان
عطش دل نہ بجھی اپنی یہ بادہ کشی
ایک بھی قطرہ نہ باقی رہا خم مین
ہین تہ جو ذرا [illegible] ہین اگر کھینچے چھلکا دون خم مین
بادہ رکھتا نہین [illegible] ہی
نظر آتی [illegible] ہی وہم و فور سے ساغر
خم وحدت سے ذرا [illegible] خم مین
جو حباب [illegible] کا بلکہ [illegible]
بادہ [illegible] کا ہو [illegible] محمل سے
عکس افگن [illegible] ہین جو تیری [illegible] خم مین

ایسلئے بیٹھ رہا پی کے فلاطون خم مین
سحر کاری تو مری دیکھ کے کیا غافل مین
قافیے ہین سب بٹھائے ہین بہون خم مین

چمک سے داغ چہرۂ جانان کے دور ہون
یارب یہ جھائیان مہ تابان کے دور ہون
ہے [illegible] شکستہ پر بھی ذرا دیدۂ گلچین

خاک صحرا سر پہ اے مجنون اڑاتا ہی جو تو	گرد مین تجکو نظر آئیگا پھر محمل کہان

دیر مین ہمنے تجھے دیکھا نہ بیت اللہ مین
عمر رفتہ پھر بسر کی تونے اے غافل کہان

پید ابرنگ مار اگر دو زبان کرون	دن رات وصف زلف تا ہی بیان کرون
کہتی ہے برق خندۂ گل یہ کہ تو بھی	بلبل جلا کے خاک ترا آشیان کرون
مسجد بھی قتل گاہ شہیدان ناز ہے	زاہد تو ہی بتا کہ مین سجدہ کہان کرون
آتا ہر رگ ہین مری جیری سے آشکار	صدمے شب فراق کے کیونکر بیان کرون
کس دن امید اس سے بر آئی مری جو مین	دست دعا بلند سوے آسمان کرون
جس سے دہل گیا تھا دل حاملان عرش	آتا ہی جی مین پھر وہی شور و فغان کرون
دو گام مجھ مین چلنے کی طاقت نہین ہی	کس منہ سے قصد ہمرہی کاروان کرون
نہ گل ہی اب چمن مین نہ بلبل نہ باغبان	یارب مین کس سے شکوۂ باد خزان کرون
پہلو مین دون جگہ ترے پیکان تیر کو	اپنی کسی طرح سے تو خاطر نشان کرون
غافل بقول مصحفی فخر شاعران	دل ہی نہین رہا جو مین یاد بتان کرون

سعدی کی گلستان و گلستان کے دور ہون
[illegible]
[illegible]
[illegible]

غافل

[illegible]

خالق کو رحم آئے جو غافل کے حال پر
سارے گناہ نامۂ عصیان سے دور ہون

بے صرفہ چشم تر سے آنسو بہا دیے ہین
لب اپنے لب سے تیرے اُسنے ملا دیے ہین
صورت گر ازل کی دیکھو تو دستکاری
خوبی مین کوئی تجھسے وہ اڑکے چل سکے ہے
آنکھین ہین جنکی بینا انکو جمال حق نے
مقتول چشم تیرے اُٹھے نہ چشم کو بھی
قاتل کی تا شکایت آوے نہ اپنی لب تک
تیرے خرام نے تو محشر کیا ہے بر پا
سوز جگر سے اپنے ہین خشک دیدہ تر
چھٹکی ہے چاندنی سی جو یون تب سے ہین
لیلی ہے منھ چھپائے جاتی ہے قافلے مین

مٹی مین ہمنے کیا کیا موتی ملا دیے ہین
کیا ذی کو بھی خدا نے بخت رسا دیے ہین
حورون سے آدمی کے نقشے ملا دیے ہین
خالق نے گو پری کو دو پر سوا دیے ہین
پردے مین آدمی کے جلوے دکھا دیے ہین
ایسے نظر سے اپنی تو نے گرا دیے ہین
زخمون کے ساتھ منھ پر ٹانکا لگا دیے ہین
مردے جلا دیے ہین سوتے جگا دیے ہین
گریانے یان کنونکے پانی سکھا دیے ہین
چہرے سے مو گیسو کسنے ہٹا دیے ہین
اورونے محملون کے پردے اُٹھا دیے ہین

ہرگز کہین نشان پتے کاروان نہین
ملک کہان کہ سنتے تو ہمی سرگذشت کو
قصہ مختصر یہ عمر کی کچھ داستان نہین
پیر مغان سے کہ دو ہمارے بھی خوب
ہو گئے اگر ضعیف تو مین بھی جوان نہین
مجنون نہ کس طرح ہو گلستان مین پر دماغ
صحرا یون کو لطف گل و بوستان نہین
پردے مین کیسے منھ کو چھپایا تو کیا ہوا
شوخی کا اس کے [illegible] نشان نہین

اس بزم مین وہ کون ہے جو میہمان نہین
کیا شمع کی [illegible] مین [illegible] تھی
[illegible] مستان [illegible] نہین
بلبل کی طرح ہم بھی [illegible] باغبان نہین
مانند شمع [illegible] سوز و گداز [illegible] نہین

کنج لحد میں کیونکہ نہ گھبرائے دل کو وہاں	ہمدم نہیں رفیق نہیں ہم زبان نہیں
وہاں کون پوچھے عجز و نیاز فقیر کو	جس جا قبول طاعت گردن کشاں نہیں
مجھ نالہ کش کی کوئی سمجھتا نہیں زبان	کیا اس چمن میں مرغ کس آشیاں نہیں
سب ڈھونڈھتے ہیں کعبہ و بتخانے میں جسے	دل کے سوا زمانے میں اسکا مکان نہیں
مجنوں سے کوئی کہدے نہ ایسا ملے گا وقت	جاتا ہے ناقہ لیلی کا اور ساربان نہیں
ملک عدم کی جانے کو کیا ساتھ چاہیے	درکار اس سفر کے لیے کاروان نہیں
دولت گری کا مری باعث نہ پوچھیے	مجھکو دماغ صحبت نواب خان نہیں

غافل نہ پوچھ مجھسے تو وصف دہان یار
احوال غیب ہے یہ کسی پر عیان نہیں

ہے کسے شوق شہادت میں خیال گردن	شمع ساں ہجر میں ہے مرا اپنا وبال گردن
تیرہ بختی کو مرے جیسے ملا حسن قبول	خال رخسار کہیں ہے کہیں خال گردن
تیغ تو اسپہ سمجھ کر کے لگاتا جلاد	کہ مری ہر رگ گردن ہو مثال گردن
پردہ شب میں کوئی نور سحر چھپتا ہے	کس طرح نہاں چاہ میں ہے حسن جمال گردن

مژگان کی یاد مین کب آتی ہے نیند مجھکو
یہ ہے تو نہین ہین یہ پیکان بدن مین

سر بھی سفید شام غربت مین ہو چلا ہے
ای کاش یہ صبح تو ہوتی مجھے وطن مین

مجنون مین اور مجھ مین چندان نہین تفاوت
یکتا ہین اپنے فن مین کامل ہین اپنے فن مین

دست قضا کے اُسنے تیشہ کیا حوالے
قوت جب ہی کچھ بازوی کوہکن مین

جاتا تھا مین جو یاد لعل بتان مین شب کو
جو شعلہ دل سے اٹھا جا کر بجھا یمن مین

کسکی صفا تن کا کشتہ ہون جو ای دل
دھبا نہین لگا ہے اب تک مری کفن مین

عاشق ہون ہی نرالا سب سے طریق میرا
مذہب مین شیخ کے ہون کیش برہمن مین

ڈرتا نہین کسیکی مین حرف گیریون سے
چاہے سخن کسو ہے غافل مرے سخن مین

کون ہے وہ جو گرفتار علائق یان نہین
عالم ایجاد پھر کیا ہے اگر زندان نہین

دست نازک سے کٹے گی کس طرح گردن مری
زور بازو مین نہین خنجر ترا بران نہین

غنچۂ گل کے چٹکنے سے یہ آتی ہے صدا
دید کے قابل بہار گلشن امکان نہین

بیکسی پر اپنے وہ کشتہ نہ روئے کیا کرے
جسکے خون کا حشر کے دن بھی کوئی پرسان نہین

[illegible]

عمر باقی ماندہ گذری یاد مین [illegible]
اب بھی ارمان غافل [illegible] ارمان نہین

خط

[illegible]

خط نویسی یہ سہے تو مشتاقو
ہاتھ اک دن قلم تمھارے ہین

دل نہ سلجھا اُلجھ کے لے زلفو
خوب ہی پیچ و خم تمھارے ہین

اے خوشا حال اُنکا جو خوبان
کشتہ تیغ غم تمھارے ہین

رات روئے نہین تو کیون غافل
دامن و جیب نم تمھارے ہین

کوہ و صحرا اک ہمارے دم سے آباد ہین
عمار کا نہ ہین مجنون ہمین فرہاد ہین

مجلس رنگین خوبان کم نہین گلزار سے
گل ہین جو بیٹھے ہین جو استادہ ہین شمشاد ہین

نالہ زنجیر مجنون سے یہ آتی ہے صدا
قید کی لذت وہ کیا جانین کہ جو آزاد ہین

پاس ناموس وفا خاموش رکھتا ہے ہمین
درد دل کی زیر سر ہم لب فریاد ہین

داد خواہون سے الگ کیونکر نہ بیٹھین حشر مین
کام کیا انسے کہ ہم تو کشتہ بیداد ہین

ہو تصین قید قفس سے جلد ہین آزاد ہون
میری نالے ناگوار خاطر صیاد ہین

کسنے یارب سنگ کے مانند ٹھہرایا ہے مجھے
عضو عضو تن مجے یہ جو نائل فریاد ہین

دیکھنے کی تیرے کس کس کو نہین ہے آرزو
وہ بھی ہین شایق تری جو کور مادر زاد ہین

عالم ایجاد مین تو سیکڑون ایجاد ہین
پر بھی نادانی ہو کہ تا ایک سا حسین ہو کہ

موم سے ہم موم ہین فولاد سے فولاد ہین
ہم عذاب دوزخ و ہجران آجتک بھولے نہین

صدمے جو کچھ جان پر اپنی ہوئے ہین یاد ہین
سنگ شر کو و فقط بیکم ہین پر بھی نہین

کس قدر ہم بے بقا ہین گنبد بے بنیاد ہین
معرکہ مین عشق کے غافل نہ منہ موڑینگے ہم

[illegible]

توتے جو چاہا وہ قسمت میں ہماری لکھا
حرف ہمپر تو کچھ ای کاتب تقدیر نہیں

کون آگاہ ہی معنی سے تری صورت کے
یہ وہ مصحف ہی کہ جسکی کوئی تفسیر نہیں

کسکو زخمی نہ کیا خنجر مژگاں نے ترے
کون تیر نگہ ناز کا نخچیر نہیں

سینہ ریشان محبت دہن زخم کی طرح
منھ تو رکھتے ہیں مگر قوت تقریر نہیں

رحمت عالم طفلی کا نہ پوچھو احوال
یاد اس خواب فراموش کی تعبیر نہیں

دشمن و دوست سبھی پھر گئے ہیں یکبار
اور یہ کیا ہو زمانے کی جو تاثیر نہیں

کون سی چیز پہ غرہ ہے تجھے اے غافل
اب وہ دولت نہیں منصب نہیں جاگیر نہیں

کیں نہ اک دست جنوں نے پیرہن کی دھجیاں
مر گئے پر بھی اڑائیں سب کفن کی دھجیاں

جامہ یہی گر یہی ہے تو مرا گلگوں قبا
لیگا اکدن سرخ پوشان چمن کی دھجیاں

غش سے کچھ ہو چلا اسکو افاقہ اے صنم
کھولدے اب دو پارے برہمن کی دھجیاں

گر تری آبی قبا تو صباح بند ہو
کیجیے اس اطلس چرخ کہن کی دھجیاں

گر وہیں باہم رہینگی خنگ تیرے حسن کے
ایکدن ہونگی لباس مرد و زن کی دھجیاں

جو لوگ بیٹھے ہیں آرام سے سفینوں میں
یہ آب و تاب ہی ہرگز نہ کوئی پہچانے
ملا دوں لخت دل اپنے اگر نگینوں میں
فقیر و شاہ ہوں کیونکر نہ بہتر فقیری سے
بچھائیں بوریے کا فرش شہ نشینوں میں
زمانہ پلتا ہے حیدر کے خوان نعمت سے
وہ کون ہے جو نہیں آج ریزہ چینوں میں
بلند ہے وہ مرا بام فکر اے غافل
فلک بھی زینہ اول ہے جسکے زینوں میں

[illegible]

ملیگی کسکی مجھے دولت ہم آغوشی
بھڑکتے ہین مرے بازو جو آستینون مین

لکھے ہو لاکھو نہین اک آدھ جوہر خوبی
نہین ہے معدن الماس سب نگینون مین

نہین ہے دل پارہ کی سی انمین سیر
کرور مرتبہ دیکھا ہزار بینون مین

جنھونکی زیر نگین تھا کبھی یہ ہفت اقلیم
رہا نہ نام بھی اُن لوگون کا نگینون مین

شہید پنجہ رنگین ہون دیکھنا مرا خون
حنا کی طرح سے بٹ جائیگا حسینون مین

غضب خدا کا وہ بن بیٹھین صاحب خرمن
جنھین سمجھتے ہین ہم اپنی خوشہ چینون مین

چھپے ہے صورت اشراف بھی کہین غافل
زمانہ لاکھ ملائے ہمین کمینون مین

اُسی پہ پڑتی ہے آنکھ اپنی نازنینون مین
ملے ہے جس سے شباہت تری حسینون مین

وہ بن سنور کے جو کل آئے نازنینون مین
رقیب ہو گئے میرے کئی حسینون مین

کسی کے لعل مصفا کی یاد مین پہنے
شراب سرخ رکھی بھر کے آبگینون مین

شب فراق مین بہلائین کس سے دل اپنا
نہ ہمدم ہو نہین کوئی ہے نہ ہمنشینون مین

کیا ہے نالہ بلبل نے کیا خفا انکو
پڑی رہی ہے جو چین غنچو نکی جبینون مین

[illegible]

شام شب وصال کو ہونے نہ دون مین صبح
دور فلک جو ہووے مرے اختیار مین

کسطرح اسکے خاک مین ملنے کا غم نہو
پالا تھا طفل اشک ہمنے کنار مین

نالے کا ضبط بعد فنا بھی نہو سکا
سوراخ پڑگئے مری سنگ مزار مین

آیا جو یاد اُسکا رخ آتشین ہمین
سینے کا داغ تازہ ہوا لالہ زار مین

لخت جگر نہین ہین مری اشک خون کے ساتھ
گل پھول یہ چلے ہین یہ سیل بہار مین

توڑی ہین ہمنے شیشۂ ساغر نشے کی بیچ
ٹوٹے نہ پھر بدن مرا کیونکر خمار مین

جنکو بیان تناسب اعضا پہ تھا غرور
اک ڈھیر ہڈیون کا ہے اُنکے مزار مین

تیر اُسکا ملتفت جو نہین ہے ادھر نہو
وہ چشم دام تو ہے مری انتظار مین

وہ جور چہرہ ہمسے جو وان بھی جدا رہا
آیا ہمین قرار نہ دار القرار مین

میری گداز دل ہی سے سیرابی بھی مجھے
مین نخل موم ہون چمن روزگار مین

باہر کہان ہے مجھسے مرا گوہر مراد
دریا تو یان ہے صورت ساحل کنار مین

دانستہ باندھتے ہین جو مضمون غیر کو
غافل وہ شاعرونکے نہین ہین شمار مین

اندیشہ جسے ہو دل ناکردہ کار مین
جوش جنون یہی ہے جو فصل بہار مین
کیا کیا نہ گل کھلائینگے ہم دشت خار مین
گذرے جو ماہ و سال ہمین ہجر یار مین

[illegible]

دیوان ناطق ٦٠

اللہ ری شرم حسن کہ مجنون کو دیکھکر	چھپ چھپ گیا ہی ناقۂ لیلی غبار مین
تلوون سے میر تیر آگ لگی مارے رشک کے	مہندی لگائے غیر جو پاے نگار مین
شوق شراب خواہش بوس و کنار ہو	کیا کیا ہین حسرتین دل امیدوار مین
دعوت کسی کے خنجر پیکان کی کیا کرون	اک قطرہ خون نہین ہی مرے جسم زار مین
یکسان زمین سے قبر کو میری بنائیو	مین مر گیا ہون حسرت بوس و کنار مین
اس عالم فنا مین تو پایا نہ ہے چین	آرام کچھ ملا بھی تو کنج مزار مین
نسبت پری سے دیتے ہین ای حور جو تجھے	کرتے نہین ہین فرق وہ کچھ نور و نار مین
سر کھیلتے ہین سے معرکہ آرای عشق مین	نامرد کا نہ ٹھہرے قدم کارزار مین

اے غیرت مسیح خبر اُسکی جلد لے
ناطق تڑپ رہا ہی ترے انتظار مین

ترا اشک خون سے گوشۂ داماں ہی اندنون	کیا آب و رنگ پر یہ گلستان ہی اندنون
غنچے کیطرح چاک گریبان ہی اندنون	جوش جنون سے فصل بہاران ہی اندنون
کیا سیل اشک نے مرے صحرا کی راہ لی	کوسون تلک جو سبز بیابان ہی اندنون

دامن ہے اندنون نہ گریبان ہے اندنون
دست جنون سے کیون نہ ... [illegible]
ازبسکہ جوش فصل بہاران ہی اندنون
عاقل نہ رو دین کیا کرین ایام ہجر مین
کہنے مین ... دیدۂ گریان ہی اندنون
جوش بہار لالہ و ریحان ہے اندنون
ہر سمت گل مین درخشان ہے اندنون
آنکھون سے کسکا روے کتابی نہان ہوا
مجموعۂ حواس پریشان ہے اندنون
مجنون سے بد ہمکو ملی شاہی جنون

[illegible]

ایک گل سو لاکھ گل ہوتے ہیں پیدا دھوپ میں
نخل موم کا کوئی دیکھے تماشا دھوپ میں

چاہیے عاشق کو چھتری از نکھا دھوپ میں
ابر دود آہ کا کافی ہے سایا دھوپ میں

طرفہ ہو اوقات ہم وارفتگان عشق کی
رات کو ڈھونڈھا کیا تا دنکو جلنا دھوپ میں

گریۂ مجنون سے شادابی نہوتی گر اُسے
سوکھ جاتا مرقد لیلی کا سبزا دھوپ میں

آفتاب حشر کی کیونکر انھیں آئیگی تاب
جلتے ہیں جو رکھ کی یان سر پہ رکھتا دھوپ میں

آئینے کو دیکھی اُسکے روے روشن کے حضور
برف کا جسنے نہ دیکھا ہو پگھلنا دھوپ میں

ہو یدا آنے سے نہیں پہچان سکتی ہم اُسے
اسقدر سنولا گیا قاصد کا چہرا دھوپ میں

عکس روے آتشیں سے یون ہی مضطر آئینہ
جسطرح لہرا رہا ہو آب دریا دھوپ میں

ہی یقین اُس خاک سے پیدا گل خورشید ہو
تیری چہرے سے گری جس جا پسینا دھوپ میں

چشم تر رہتی ہے اُس خورشید رو کے سامنے
جا ہی حیرت ہے نہ یہ تا لاب سوکھا دھوپ میں

خاک میں خورشید ذرے کی طرح سے مل گیا
تیری کفش پا کا جب چمکا ستارا دھوپ میں

ہم یہ سمجھینگے ضیائی ہے وہ اپنے عہد کا
جو کوئی غافل غزل ایسی کہیگا دھوپ میں

[illegible]

چاہیے بال پری کا مجھ کو سایا دھوپ میں
کب ہے نفرت ناقۂ لیلی بیابان میں کبھی
بید مجنون کے تلے ہرگز نہ ٹھہرا دھوپ میں
خوب روتے یاد کر سایہ تری دیوار کا
جب ہمیں ورفاقت کو بٹھایا دھوپ میں
خرمن خورشید پر بجلی گری کیا جانیے
آج کسکا طرۂ نقش چمکا دھوپ میں
تشنۂ دیدار ہون غافل [illegible]

[illegible]

تا ال کار تعمیر جہان کا جو خیال آیا
بھر آئی آنکھ خالی دیکھکر قصر فریدون کو

نہ پہونچے دولت ممسک سے ہرگز فیض کوئی
ملا رتبہ نہ بیت المال کا بھی گنج قارونکو

قیامت کو جو ہے محضر خونکی طلب ہوگی
دکھا دینگی اسی قاتل ترے دامان پرخون کو

مہ کامل کا تو معمول ہے ہر شب کو کم ہونا
بھلا کیا اس سے نسبت ہے ترے حسن روزافزونکو

زمین کیطرح تھک کر بیٹھ جاتے عاقبت وہ بھی
تری سرگشتہ اپنے ساتھ چکر دین جو گردونکو

جوابنامہ عشاق بتا مرقوم ہو ویگا
جوانی میں وہ سمجھیگا اپنے خط کی مضمونکو

نہیں انسان نظر آئیگا یان جز مردم آبی
ڈبونے پر ہے چشم تر مری اب ربع مسکونکو

عروض بیت میں ان شاعرونکو دخل گر ہوتا
نہ دیتے سرو ناموزون سے نسبت قد موزونکو

خدا سے سربلندی جبکو دی ہے وصف قامت میں
نہ سمجھیں پیش پا افتادہ وہ طوبے کی مضمونکو

مجھے اندیشہ رہتا ہے خبر شب سے زلفونکو
کہیں نیلوفری کردین نہ ان رخسار گلگون کو

ہے کس سرگشتہ کا مرکز رسمین اختر طالع
ہمیشہ دور دیتا جو چرخ میں رکھتا ہے گردونکو

نہیں ہے عشق کی مکتب میں اصلاح دل حکمت کا
سبق دیتا ہے یان اک طفل ابجدخوان فلاطونکو

بنی ہے معدن یاقوت احمر وہ زمیں ساری
کیا تھا دفن جس جا یار تیری رفتگی خونکو

بہار گل میں آتی ہے نظر رنگ خزان مجھکو
قیامت میں بپا دیدہ انجام بین سے مجھکو [illegible]
بھلا کیونکر نہ بھاوین [illegible] و شگفتگی میں
مثال غول بھٹکاتا ہو جب سنگ نشان مجھکو
مرے قد خمیدہ پر نظر سے تیر قامت کر
بنایا حسرت آغوش نے تیر کمان مجھکو
دہان یار کی پوچھو تو کچھ کیسے کہوں یارو
نہیں ہے بولنا دم بھر [illegible] دریان مجھکو
کمون کیونکر نہ [illegible] اندھا تو نہیں [illegible]

[illegible] قدم [illegible] راہ [illegible] عشق میں کھون [illegible] مجھکو
برنگ [illegible] نہ تکلیف فغان مجھکو
[illegible] زبان مجھکو
[illegible] آسمان مجھکو
[illegible] گردون کی [illegible]

[illegible]

سیاہ غیر اسکو بھی کنایہ وصل کا سمجھے
وہی دیوانہ پن ہے اور وہی جوش جنون اپنا
نہین لیتا ہون بوسے دی سبب خسارہ گل کے
نہین معلوم کسنے شعلہ رو کو میرے بھڑکایا
وہ قاتل ہے اگر میر تو یہ خون کی پیاسی ہے
یہی رونا رہا تو دیکھنا محفل مین خوبان کی
صدا جیسے سنی ہے غنچہ گل کے چٹکنے کی

لکھا ہے یار نے نامہ بخط توامان مجکو
جوان رکھتی ہے پیری مین بھی تیغ طبع جوان مجکو
کسی کے عارض رنگین کا ہے اسیر گمان مجکو
تو وہین آگ ہو جاتا ہے دیکھا جہان مجکو
نظر آتے ہین خصم جان زمین و آسمان مجکو
کریگی ایکدن رسوا یہ چشم خون فشان کو
نہین بھاتی ہے اے بلبل تری طرز فغان مجکو

تماشائے گلستانکی نہین پروا کچھ اے غافل
دکھاتی فکر رنگین نے بہار بوستان مجکو

خدا بھی دوست رکھتا ہے نہایت اپنے شیدا کو
جو چاہے اوج اپنا ترک کر اسباب دنیا کو
غبار تن ہی مین ہے نہان ہے محمل لیلی
جو شب کو ماہ ہے بر مین تو دن کو مہر پہلو مین

چلے پھر تجلی سے نہ آئی آنچ موسی کو
کہ سد راہ اک سوزن ہوئی پائے مسیحا کو
عبث تو چھانتا پھرتا ہے مجنون خاک صحرا کو
نہین نسبت کسی سے خوبی طالع مین دریا کو

ہوا ہوں کاوشِ مژگاں کی حسرت مین چھیدے سے
کہ گل مدفن ہے میری بند کرنا اسکے روزن کو

نہ دیکھی سیہ کارونکی پرسش آگے نیکون کے
چمن مین گل کے ہوتے پوچھتا ہی کون سوسن کو

تکلف چاہیے کیا خاکسارونکو زمانے مین
کنارہ کی نہین حاجت ہے کچھ صحرا کے دامن کو

اثر ہوتا جو کچھ بھی بلبلِ بے پر کے نالون مین
قفس کسطرح کرتے چاک پھر دیوارِ گلشن کو

لگاتا جا ہی صندل خاکِ پا زاہد کی ماتھے پر
مآلِ کار سے ہوتی جو آگاہی برہمن کو

غرورِ جاہ و حشمت عشق مین ہرگز نہین رہتا
گدا کے آگے جھکواتا ہی یہ شاہونکی گردن کو

رکھا محفوظ آفاتِ جہان سے گوشہ گیری نے
بجھا سکتی ہی کب صرصر چراغِ زیرِ دامن کو

خرابی سے جو قصرِ تن کی منعم کو خبر ہوتی
عوض گھر کی وہ بنواتا کسی بیکس کے مدفن کو

نہین جاتے ہین پروانے چراغ و شمع کی جانب
ملا ہی جیسے منہ پر اپنی اسنے موم روغن کو

صدائے ساز سے آتی ہی جان تازہ قالب مین
یہ اثر تارِ نفس مین جانتا ہون تارِ آہن کو

خیالِ ابروئے قاتل کا میری دل مین رہتا ہے
جلا سکتی نہین ہے برق ہرگز میری خرمن کو

نہین ہے برشِ تیغِ قضا سے انکو آگاہی
پناہ جسم جو سمجھے ہین اپنے خود و جوشن کو

فرشتونکو بھی اس تیغِ نگہ نے کیا کیا زخمی
فلک پر لیگئے جو حضرتِ ادریس سوزن کو

کسی محبوب کی تیغ نگہ کا کھاؤ ہے دل مین
اسیر دمین ہے ای سرو قد مانند قمری ہون
کرامت آپکی اے شیخ صاحب ہم نہ مانینگے
ہزارون گر چہ دیوانے ہوئی پیدا زمانے مین

دکھائین گے نہ یہ زخم نہانی چشم سوزن کو
نکالی کیا کوئی گردن سے میری طوق گردن کو
مسلمان آجتک تمنے کیا ہے کسکے برہمن کو
ہم ہی نے اک کیا آباد پھر مجنونکے مسکن کو

عداوت جو رکھے اُس سے عداوت آپ بھی رکھیے
یہ نادانی ہے ای غافل سمجھنا دوست دشمن کو

فرض جانا اُسے سجدۂ آستانِ یار کو
دید بازی کی مگر و پردہ ہے خوئے یار کو
کب کوئی خط پہونچے شانِ خط روئے یار کو
اندنون پاتا ہون آب زنگ پر گلزار کو
کیون نہ کیسے منزلِ مقصود کوئے یار کو
بدتر از مردہ ہے وہ زندہ نہ دیکھے جو تجھے
بوسے لیکر شعلہ رویونکی سب مہتاب مین

جو لباس کعبہ سمجھا سایۂ دیوار کو
بند ابر کس سے کیا جو روزنِ دیوار کو
کاکِ قدرت نے لکھا ہے اس خطِ گلزار کو
آبجو کس نے بنایا دیدۂ خونبار کو
ہے چمن بلبل کو اور دار الشفا بیمار کو
ہو وہ چنگا دیکھنے جائے تو جس بیمار کو
خوب سا ہمنے جلایا مرغِ آتشخوار کو

عالم رویا میں ہر شب دیکھتے ہیں یار کو
خواب میں پایا ہے ہمنے دولت بیدار کو

گلشن جنت سے کیا نسبت ہے کوے یار کو
سایۂ طوبیٰ نہ کہیے سایۂ دیوار کو

جیسے دی تشبیہ اُس سے عارض دلدار کو
برق پھینکے ہے ہوا پر مدم دستار کو

صاحب جوہر کو لازم ہے شرافت کا نشان
یعنی بے تمغا نہ پہچانے کوئی تلوار کو

چاہتا ہے ابلق گردون بنے توسن مرا
کہتا ہے سورج اُٹھاؤن میں سپر تلوار کو

کم بہاء و بیش قیمت جنس میں اتنا ہے فرق
وہ تو گھر اپنے بکا یوسف گیا بازار کو

ہم سیہ مست جنون کی سے رکتے ہیں کہیں
کب ہوئی زنجیر مانع فیل کی رفتار کو

خانہ سازی ہے عبث مرتے ہیں اہل دل
کیا اُٹھا لیجائینگے سر پر در و دیوار کو

کوچۂ خوبان میں ہتا ہی ہر شب خیال
پھاندیے کو ٹھا کسی کی توڑیے دیوار کو

آفتاب صبح کسکی زلف کا دیوانہ ہے
تار تار اسنے کیا جو جامۂ زرتار کو

تنگ تھا عرصہ بس ہم پر فضائے باغ کا
کھولنے بھی ہم نپائے غنچۂ منقار کو

پہلے نکلے دل سے نالہ پیچھے آنسو چشم سے
فوج سے آگے ہی رکھتے ہیں علم بردار کو

جسنے کھایا دل کے اوپر یار کا نیش نگاہ
خانۂ عقرب وہ سمجھا روزن دیوار کو

صدمہ کچھ کانٹونکا پہونچا اور ٹوٹا آبلے | طے کیا ہمنے صبا کی طرح دشت خار کو
ابر ہے مطرب ہی گلشن ہی شب مہتاب ہے | آج گھر جانی نہ دینگے اس بت میخوار کو
مجھ بیابان گرد کا ہی خضر گر دینا تھا ساتھ | آزما لینا تھا پہلے طاقت رفتار کو
چشم عاشق سے نہ اپنا چہرۂ رنگین چھپا | کب کسی بلبل کی لگتی ہی نظر گلزار کو
صدقے گر عارض پر اُسکے جسجگہ پھینکے تھی پھول | طوف کو واں آئی بلبل چھوڑ کر گلزار کو
اس پریرو کی گلی سے گر نکالی دربان | انکے سایہ ہم لپٹ جاوین در و دیوار کو
عارض یوسف جو انگارا سا آتا ہی نظر | دیکھکر جلتا ہو کسکی گرمی بازار کو
زلف مشکیں اُسکی ہو ویگی اگر عنبر فشان | مفت بھی کوئی نہ لیگا نافۂ تاتار کو
زندگی سے اک مریض عشق ہی مایوس ہے | ورنہ امید شفا ہوتی ہے ہر بیمار کو
پنجۂ مژگان نے آنسو کی مری جانی نہ قدر | ہاتھ سے دیتا نہ تھا ایسے دُر شہوار کو

کب ہے اے غافل ہمین اندیشۂ روز جزا
جانتے ہین اپنا حامی حیدر کرار کو

کافر ہو جسکو اس سے تمنا زیادہ ہو | کنج چمن ہو یار ہو مینا ہو بادہ ہو

کوئی وزیرزادہ ہو یا شاہزادہ ہو
میخانۂ زمانہ مین رندون کے واسطے
ہو سے نہ ہو سبو ہے اور کچھ یک جام بادہ ہو
رونے کی عادت اب تو زیادہ ہی ہے بقدر
نامہ لکھون تو آنسو دل سے
جائے ادب ہی گور
آئے سوار

جسطرح چھلنی مین رکھین رشتۂ انگور کو
مرگ کی شب ہے جسے غافل شب تار فراق
جانتا ہے وہ کفن صبح شب دیجور کو
وصل کا ارمان ہے یون میرے دل رنجور کو
جیسے ہوسے خواہش صحبت کسی رنجور کو
بوسۂ لب پر رقیب نیش زن مار آگیا
پہ عسل آخر بلا سے جان ہوا زنبور کو
خانۂ دل مین جو ہے ہمنے جلوہ دیکھا یار کا

فارغ ہین یون کشاکش دنیا سے تن تن	جیسے کڑی کمان سزاے کبادہ ہو
خورشید ایک نیزے پہ آیا یہ ہو یقین	گر بے نقاب تو سر بام ایستادہ ہو
اشکون سے اپنا سبزۂ مژگان ہے تر مدام	کیونکر وہ کھیت خشک ہو جو آب جادہ ہو
کیونکر ہو تیری خاطر نازک سے اگرہ	ممکن نہین کہ عقدۂ ریشم کشادہ ہو

مرد سپاہی رکھتے ہین غافل خواص شیر
ماریں اسی کو لاکھ مین جس پر ارادہ ہو

خط مشکین چاہیے کیا اس رخ پرنور کو	ابر کا ہونا نہین لازم ہے برق طور کو
کسقدر یہ زندگی ہے مست صہبائے غرور	توڑتے ہین خشت خم سے کاسۂ فغفور کو
راہ تاریک عدم مین خوب کھاتا ٹھوکرین	کہ نہ شمع دار ملجاتی یہان منصور کو
اصل کا رتبہ نہ پائے کم بہا نقلی ہے	کب ملے ہیرے کی قیمت ریزۂ بلور کو
سوزش دل کی مدادا مین بہت سرگرم تھا	جل بجھا جب سینہ تب ٹھنڈک پڑی کافور کو
ہمنے یون چرخ کو کب کو جلایا آہ سے	پھونکدی جسطرح کوئی خانۂ زنبور کو
چشم تر سے اشک خون جاری جو ہوتے ہین	بند کرتا ایک بیک اچھا نہین ناسور کو

تیغ کے مانند اپنی سرکشی اچھی نہیں — بیگنہ کاٹتے ہیں گردن مغرور کو
جیسے ہم زخمی ہوئے تیغ نگاہ مست کے — دوست رکھتے ہیں نہایت خم کی انگور کو

سپرہ ہے نکتہ چین معنی روشن آفتاب
کیا نظر آتا ہے غافل دیدہ بے نور کو

دست رنگیں سے چھپایا چہرہ پر نور کو — گر دیا گل شمع ایمن نے چراغ طور کو
محو جوئے شیر ہے فرہاد جو فردوس میں — قصر شیرین کا مگر سمجھا ہی قصر حور کو
چاک کر سینہ جو ہو دل میں ہجوم آرزو — کسنے در بستہ رکھا ہی خانہ معمور کو
تیری روئے آتشیں پر خط کی ہو کیونکر نمو — بے دخان دیکھا ہی اکثر شعلہ کافور کو
ناخن دست جنون بھی کوئی تیغ تیز ہی — زخم کاری کر دیا ہی سینے کی ناسور کو
دولت ممسک لیا چاہی تو کر محنت قبول — ملتے دیکھا ہی دفینہ بیشتر مزدور کو
صبح کر دی آہ و نالی میں شب تار فراق — میں ہوں وہ فرہاد کاٹا جسنے کوہ طور کو
نقص خامی کب ہے پیدا اگر ہوئے کمال — پختگی کرتی ہی زائل ترشی انگور کو
دار کو بھی ہم سمجھتے ہیں کہ اک زینا ہی یہ — ایسے بیخود ہو گئے پیکر مے منصور کو

مری آن تار ہا اشک کا یا رب بجا ہوئے
پہنائی کیا ہی چکن ڈوپٹے کی جسم عریان کو

بہائے عاشق بیتاب کے لاشی کو دریا مین
تہ و بالا کرے گا ورنہ یہ گور غریبان کو

یقین ہی قمریان اُسپر تنکے بنکی صدقے ہون
لب جو رات کو دیکھیں اگر سرو چراغان کو

سبکسارونکو خطرہ کچھ نہین قہر الٰہی کا
خس و خاشاک کشتی جانتے ہین موج طوفانکو

اذیت کا سبب ہی پاس جنس بے بہا رکھنا
برائے لعل ٹکڑے کرتے ہین کان بدخشان کو

یہانتک غیر کی شرکت سے ہی آزاد کو نفرت
نہین پیوند کرتا باغبان سرو گلستان کو

صدائے ہمصفیران تو مری کانون مین آئیگی
بنا نا زیر دیوار گلستان میرے زندان کو

ضعیفونکی توانائی سے اے ظالم نہین ڈرتا
کہ کھا جاتا ہی اکثر موریچہ شمشیر بران کو

بنائے دانۂ تسبیح اُنکی خاک تربت سے
دیا یہ مرتبہ اللہ نے تیرے شہیدان کو

سیہ اتنی ہوئی ہی یہ برنگ مشق طفلان
کہ ہرگز پڑھ نہین سکتا ہون اپنی فرد عصیانکو

وہ نخل یاس ہون اس مزرعہ ہستی مین اے غافل
نہین ہی پہلنے پھلنے کی جسکے فکر دہقان کو

تو نے تربت پہ مری دو نہ گرائے آنسو
غم فرہاد مین شیرین نے بہائے آنسو

نرالا ساری عالم سے ہے غافل عالم وحشت
نہ غم دنیا کا ہی نہ دہشت عقبیٰ ہی مجنون کو

جذب دل ہی ہین کیا خون جان بسمل کو
تا لہو دیکھ کے آجای نہ غش قاتل کو

سیر دریا کی خوش آتی ہی کسے یار بغیر
ہم لب گور سمجھتے ہین لب ساحل کو

ساربان جد کی طرف کھینچے ہے مجنون سوے نجد
ناقہ حیران ہی کہ لیجاوٗن کدھر محمل کو

تل یہ کاجل کا زنخدان پہ بنا کر تونے
داغ اک اور دیا رات مہ کامل کو

ایک بوسہ نہ دیا اسکا تو کیا اجر اسکا
گر بھرا موتیون سے تونے کف سائل کو

وادیِ نجد کا اندیشہ نکر اے لیلی
ناقہ دو گام مین کرجائیگا طی منزل کو

پردہ چہرے سے اٹھاتا ہی وہ اندک اندک
نیم بسمل نہ کرے آج کہین محفل کو

ای پری چہرہ ترے خال بنا گوش کا عشق
چین دیتا نہین از بسکہ کسی عامل کو

آب پر نقش بناتا ہی کوئی تیری لیے
آگ مین ہجر کی جلاتا ہی کوئی فلفل کو

بھول جاتا وہ اگر تمکو نہ تھا اسکا عجب
تم تو ہشیار تھے کیون بھول گئے غافل کو

انتظار یار مین اپنے خط انگشت دست
بخت خوابید کیسکا تا نہ چونکی خواب سے

مٹ گئے ہین گنتے گنتے روز ماہ و سال کو
زیب پا اُسنے کیا ہے کم صد اخلخال کو

قطع کرنا رشتہ الفت کا غافل خوب ہے
کون ساتھ اپنے لگائی رکھے اس جنجال کو

تحریر اُسکی نازکی عضو تن نہو
جائے قلم اگر رگ برگ سمن نہو

عریان اُٹھین گے قبر سے آخر تو حشر کو
رکھدو ہمین تو بھین جو نہین ہے کفن نہو

صیاد وان نہ رکھ قفس بلبل اسیر
برسون جہان گذار نسیم چمن نہو

تیشے کے جو دہن سے نکل آئی ہے زبان
پیاسا ترے لہو کا تو اے کوہکن نہو

بے سعی غیر نکلے ہے دریا دکون کام
چشمے مین کچھ بھی حاجت داد و رسن نہو

منصور کو جو دار پہ کھینچا بجا کیا
وہ بات کیون کہے جو سزاے دہن نہو

مین نے تو سینہ چاک کیا اُسنے پیرہن
مجنون نہ یہ زخم سینہ مرا خندہ زن نہو

ازبسکہ صاف دل ہین یہ منظور ہے ہمین
نامہ بھی تجکو بھیجین تو اُسمین شکن نہو

اتنا بھی سادہ رو تو خوش آتا نہین ہمین
اِک آدھ دلفریبی کی جسمین پھبن نہو

لطف کیا ہی کا اس گلشن میں اے دل جہاں
باغبان صیاد ہو اور موج سبزہ دام ہو

کوچۂ جانان میں دیکھیں ہم اگر دل کھول کر
پل میں دریا کا کنارہ اک کنار بام ہو

آتش افسردہ ہیں اُنکے مستی آلودہ لب
اُنسے کیونکر پختہ اپنی آرزوئے خام ہو

کوئی بے اُسکے نہیں اُس بت سے سازش کی طرح
یا ہمیں کافر ہوں یا وہ حسب صفا اسلام ہو

چاہتے ہیں یہ پتنگے شوق وصل شمع میں
ہم جلیں اور صبح دو دو بال و پر سے شام ہو

کیا کوئی شاعر کمر کو تیری باندھے شعر میں
جب تلک مضمون اُسکا غیب سے الہام ہو

بوریائے فقر میرا اک بنا تخت شہی
مجکو کیونکر اعتقاد گردش ایام ہو

عیش دیتا ہی اسے دور فلک اور مجکو رنج
یاں مجھے دوران سے رہوان جو دور جام ہو

عیب ذاتی تربیت سے بھی نہ زائل ہو سکے
تلخی شکر میں بھی دیوے تلخ جو بادام ہو

ہے جناب کبریا میں یہ ہی غافل کی دعا
جو کہوں میں شعر وہ مقبول خاص و عام ہو

وہ جام جو پیے تو بے مجھے یاں خمار ہو
ٹوٹے بدن عرا اگر اسکو بخار ہو

دیوانگان گل کی یہ مرضی ہے صبا
زنجیر بھی ہو پانو میں تو خار دار ہو

شاید اسی غبار سے پیدا سوار ہو
اے دل تو کوئی عشق میں رکھتا نہیں قدم
ایسا ہو کہ پھر کوئی آفت دوچار ہو

وہ زلف معنبر نہ اگر مشک فشان ہو

ہر ذرہ مری خاک کا چشم نگران ہو

تصویر سے عاشق کی اگر بات کرے تو
سرگرم سخن تجھ سے وہ بے کام و زبان ہو

بیمار محبت کو اگر اپنے وہ دیکھے
زندے پہ یقین ہو اسے مردے کا گمان ہو

کام تھا عالم امکان سے بھلا کیا ہمکو
جاذبۂ عشق یہان کھینچ کے لایا ہمکو

ایک مدت سے تلاش دہن یار میں ہم
اسقدر گم ہیں کہ پاتا نہیں عنقا ہمکو

پس دیوار تری کوچے میں ہم بیٹھے ہیں
آج جنت میں ملا سایۂ طوبا ہمکو

شمع سان یاد قد یار میں روتے روتے
موج اشکون کی ہوئی سلسلہ پا ہمکو

دیکھتے ہیں جو کبھی دیدۂ وحدت بین سے
نظر آتا ہے ہر اک قطرے میں دریا ہمکو

دین کے کام کے نے لائق دنیا ہیں ہم
نہیں معلوم کیا کس لیے پیدا ہمکو

تن پر داغ سے جل جل کے کفن خاک ہوا
مر گئے پر بھی کیا عشق نے رسوا ہمکو

ہمرہان جاتے رہے دشت خطرناک کے بیچ
صورت نقش قدم چھوڑ کے تنہا ہمکو

شعبدہ باز نہیں ہی جو فلک پھر کیا ہے
اک نیا روز دکھاتا ہے تماشا ہمکو

اشک گوہر ہے اگر لخت جگر ہی یاقوت
دولت عشق سے سب کچھ ہی مہیا ہمکو

خواہش حور ہی غافل نہ ہوس جنت کی
آرزو ہے کہ نہ ہو کچھ بھی تمنا مجکو

مرغ دل عشاق کی خاطر نہ نشان ہو
جبتک نہ تری ناوک مژگان کا نشان ہو

ایسا نہ کوئی خاطر عالم پہ گران ہو
جس کشتی پہ ہم بیٹھیں وہ کشتی نہ روان ہو

ہین سختی دوران سے رگ سنگ بنا ہون
نشتر بھی لگائیں تو نہ خون تن سے روان ہو

اس باغ کے گل مدنظر اپنے نہیں ہین
ہوتا تھا جہان گل پہ خزان آج خزان ہو

مضمون جو لکھون خواہش دیدار کا خط مین
جو دائرہ حرف ہو چشم نگران ہو

مژگان کے خس و خار ہون کیا مائل گریہ
ہو جاوے وہ جون کاہ اگر کوہ گران ہو

خاموشی مین جون غنچہ مزاج اسکو ملا ہے
ہرگز نہ کرے بات اگر لاکھ زبان ہو

ہمرنگ رخ یار اگر ہووے کوئی گل
بلبل نہ کبھی باغ مین سرگرم فغان ہو

مین داغ جدائی مین کسی گل کے ہوا ہون
گر نا مجھے وان دفن جہان لالہ ستان ہو

پنہان ہے مرے سینے مین یون سوز محبت
جسطرح سے شعلہ دل خارا مین نہان ہو

دعواے فن شعر فریب ہے اسی کو
جو کوئی کہ غافل ہمہ گو ہو ہمہ دان ہو

مصحفی وہ کو سمجھتا ہون مین ایمان اسکو
جو پھرے اس سے کہون پھر نہ مسلمان اسکو

دشت سے گر تیرا دیوانہ کرے شہر کا قصد
پاؤن پڑ پڑ کے کھینچیں خار مغیلان اسکو

[illegible]

گھر سے باہر بھی نکلتا ہے تو دو چار کے ساتھ
کوچہ یار سے جائیں تو کہاں جائیں ہم
ہو گئی ہے ہمیں الفت در و دیوار کے ساتھ
[illegible]

ردیف ن
[illegible]

کیون نہو جان اس آئے کنارے تنگ
ہمصفیرو باغ بہار ایکی چمن کی لوٹی
لندنون تونے نکالی ہی نئی طرز حرام
سجدہ کرتے ہین اسے شیخ و برہمن دونون

زندگی کرنی پڑی ہم اسی بہار کے ساتھ
ہم قفس ہی مین مرے مرغ گرفتار کے ساتھ
جی کھنچے جاتے ہین ظالم تری رفتار کے ساتھ
بت کو نسبت نہین کچھ سنگ در یار کے ساتھ

مجکو اولاد علی سے ہے محبت غافل
حشر ہوئیگا مرا حیدر کرار کے ساتھ

ہم فقیرون کا سنے گرد کر آرہ فاختہ
جل کے خاکستر ابھی ہو جاے تو آگ مین
چشم ترسے اپنی تو سیراب کر شمشاد کو
جامۂ خاکستری سے تیری ثابت ہوا
جسپر اس کا تمامی پوش کا سایہ پڑے
شوق مژگان سے بھی تو کھینچا ہوا سر پر
مرغ بستانی کا آگے سامنے دم بند ہی

اپنی کو کو پر کرے ہرگز نہ غرہ فاختہ
گر ترے دل مین ہو سوز عشق ذرہ فاختہ
یان درخت خشک پر چاتا ہوا آرہ فاختہ
اپنی درویشی کا ہی تجکو بھی غرہ فاختہ
باغ مین ہے سرو ہو رشک مجرہ فاختہ
یادامر دبین اگر ہے زیر آرہ فاختہ
قسمہ ہمیں ہین نگر غافل سے غرہ فاختہ

دیوان غافل ۷۷

باندھ رکھتے ہین دل وحشی کے ہمیر دست و پا
تا نہ کہلا بھیجین پیام زبانی عاشقان
دمبدم درد محبت اور بھی بڑھتا گیا
خاک و خون مین دست و پا مار کیے وہ دیر تک
آرزو مین جو ہم آغوشی کی تیری مر گئے
عاشق حیران کا تیری کیا جنازہ لیگئے
قتل مین بھی میری کیا مرنہ تجھے منظور ہے

تنگ آیا ہون تمہاری الفونکی زنجیرون کے ہاتھ
بھیجتا ہے وہ جواب نامہ بھی تیرون کے ہاتھ
جا پڑا ہون کن طبیبونکی مین بد تقدیرون کے ہاتھ
دامن قاتل آیا تو بھی نخچیرون کے ہاتھ
گو رسے باہر رہینگے ان جہانگیرونکے ہاتھ
پیٹنے کی واسطے اٹھتے ہین تصویرون کے ہاتھ
مجھکو گن گن کر لگاتا ہے جو شمشیرونکے ہاتھ

ایسا ساحر ہے وہ ای غافل بقول مصحفی
باندھ رکھے ایک تار زلف مین پیرونکے ہاتھ

گھورتی ہے بطرح تصویر پشت آئینہ
اپنے خط کا مین نے کاغذ جو دیا اسپر لگا
زانوی خوبان سے ہم بھی رہتے چسپان ہر گھڑی
حسرت دیدار مین انکے جو مین بسمل ہوا

مجھ سے کیا ایسی ہوئی تقصیر پشت آئینہ
پڑھ کے وہ حیران ہوا تحریر پشت آئینہ
کاش کے ملتی ہمین تقدیر پشت آئینہ
خون میرا ہوگا دامنگیر پشت آئینہ

کام یہ اس قدر نہین ہے کچھ
ہم تو سو بار کھا چکے نہ ہوسکے کچھ
زہر مین بھی اثر نہین ہے کچھ
رہبرو اس صفا سے وندان سے کچھ
قدر سالک گر نہین ہے کچھ
دشت غربت مین کیا قدم رکھین
پاس زاد سفر نہین ہے کچھ
کس سے تشبیہ دیجے اسکو

[illegible]

مزا ملے جو مری طرح اسکو جلنے مین	تو آگ سے نہ کبھی پھر یہ رخ کباب پھرے
جو کھوے محرم آب دان کو تو لب جو	عدم کو جاتی ہوے راہ سے حباب پھرے
مدد سے طالع برگشتہ کے عجب کیا ہی	جو کوی یار سے قاصد مرا شتاب پھرے
اٹھے جو یار کے رخسار آتشین سے نقاب	تو حشر کو تہ ادھر روے آفتاب پھرے
شب وصال جو آہستہ چلنے کو کہیے	تو ضد سے میری فلک اور بھی شتاب پھرے
جو تیری چشم کا قاضی کو بھی اشارہ ہو	بغل مین دابے ہوے شیشۂ شراب پھرے
وہ آئے فاتحہ پڑھنے جو بعد مدت کے	مری لحد سے یہ نکلی صدا شتاب پھرے
بدل بہار سے ہوے خزان گلشن عمر	جو پھر بھی جا کے کبھی موسم شباب پھرے
کہین تو دفن ہی فرہاد اور کہین مجنون	نہ کوہ و دشت مین روتا ہوا سحاب پھرے
چلو رکھی کے جلائے چراغ دریا پر	جو تجھسے دل مرا اے رشک ماہتاب پھرے
سوال سنکے مرا آپ ہین عبث خاموش	یہ وہ گدا نہیں جو در سے بے جواب پھرے
وہ لالہ روپے گلگشت باغ آیا ہے	ہزار شکر کہ دن تیرے اے گلاب پھرے
خیال جسکا کہ بیداری مین ہے ہر دم	اسیکی آنکھونمین صورت میان خواب پھرے

[illegible]

صحرا مین پھیرے خضر کا ٹہرتا نہین قدم
گردن کسی ملاتی ہی انسان کو خاک مین

بجلی کے تیری جنبش ابرو مین ڈھنگ ہین
کیا دور داد خواہی کو صحراے حشر مین

تکتے ہین منھ ہر ایک کا مخمل ہین اسلیے
جبتک نہ آگے آگے کوئی رہنما چلے

بہتر ہے آدمی جو ذرا سر جھکا چلے
کیا خاک اُسکے سامنے تیغ قضا چلے

قاتل کے ساتھ گر الاشہ چلا چلے
ہم بھی کہین کچھ اُس سے جو ذکر وفا چلے

جور بتان ہند سے غافل تنگ ہون
مین تو ابھی چلون جو کوئی کربلا چلے

عبث وہ شیر نگین بنتا ہی اب تو آنکھون سے
کہ رد قی روتی یان جا تا رہا ہی نور آنکھون سے

اڑاتے ہین ستارا آنکھ اُن مخمور آنکھون سے
کیا ہی شرم کی پیری کو شاید دور آنکھون سے

کیا ہی قتل اک عالم کو جنکے لال ڈورے نے
خداوندا بچانا مجکو اُن مخمور آنکھون سے

چڑھے وہ غیرت شمع تجلی گر نظر تیری
ابھی گر جا ہی موسی چراغ طور آنکھون سے

دل صافی کا گر ہو پاس میخانے مین ساقی کو
اُٹھائے ریزہ ہاے ساغر بلور آنکھون سے

کیا ہی مین نے طے اک گام مین راہ حقیقت کو
قدم سیر لگا ئین شبلی و منصور آنکھون سے

بے قد یار آنکھوں میں یوں سرو باغ ہے
سولی کھڑی ہو جیسے گنہگار کے لیے

وہ بت ہی تو کہ آنکھ کی پتلی بنائیے
آنکھوں کی ڈوریاں ہوں ترے زنار کے لیے

دیکھا ہی جیسے حلقہ عشاق ترے گرد
جلتی ہے شمع گرمی بازار کے لیے

جیسے تکلف سن تو دریان نہیں
میری بلا ہی یار تو مین یار کے لیے

روے صبا یہ کب در گلزار بند ہی
راہیں کھلی ہوئی ہیں طلبگار کے لیے

دیوانہ پیرہن نہ کرے چاک کیا کرے
کچھ مشغلہ ضرور ہے بیکار کے لیے

یارب ہماری آنکھ کا پردہ پسند ہو
درکار ہے نقاب رخ یار کے لیے

مرتا ہوں میں تو حلقہ گیسو کے رشک سے
بوسے ہزار ہا تری رخسار کے لیے

اللہ رے جذب عشق کہ باد صبا کے ساتھ
گل اُڑ کے آئے مرغ گرفتار کے لیے

مجنوں بغیر کون ہی لیلی کا قدر دان
مطلوب ہی جہان طلبگار کے لیے

خلوت سراے خاص مین غافل کا ہی گذر
پروا نہیں ہے محرم اسرار کے لیے

وہ جوش نوجوانی اب کہان ہے
نہ وہ نالہ نہ وہ شور و فغان ہے

گریبان ماہ نو سے تکمہ اختر
قبا کا چاک اُسکی کہکشان ہے

گلستان یار بن مقتل ہے [illegible]
ہے تیغ و [illegible] ہے

زمین اور پہ ہے چرخ آسمان ہے

جو تڑپا مین لحد مین دیکھ لین
نمایان تن سے مغز استخوان ہے

لطافت مین نہین وہ نور سے کم
وہ خال لب نہین مہر دہان ہے

نمونی کا سبب ہمسر عیان ہے
کریں پھر نازکی اپنی گران ہے
کوئی نازک بدن ایسا کہان ہے

ہوا مشہور کم ہونے سے غفلت
ہماری بے نشانی ہی نشان ہے

ترستا وہ حسن کا جلوہ ہی جس سے

[illegible]

شب جدائی کا مجکو گلہ کا زبسکہ روز وصال بھی ہے
اگر ہے رنگ نشاط منہہ پر تو دل مین کچھ کچھ ملال بھی ہے

ہوئے ہین جون خار شانہ لاغر بدن مین کچھ اپنے حال بھی ہے
وہ گل تو زلفین بنا رہا ہے اُسے ہمارا خیال بھی ہے

ثبات کار جہان ہو کیونکر زمانے کا ایک حال بھی ہے
عروج ہے تو نزول بھی ہے کمال ہی تو زوال بھی ہے

یقین یہ ہے کہ آجکی شب فلک نہ چھوڑیگا مجکو جیتا
جو کہکشان ہے سنان سنبھالے تو تیغ برکف ہلال بھی ہے

نہ پوچھو جو کوہکن پہ گذری سنا ہی ہوئیگا حال اُسکا
یہ سچ کہا ہے کہ عشق بازی نہین ہے آسان محال بھی ہے

کدھر گیا ہے خیال تیرا کہان ہے ای شاخ یاسمن تو
سمجھ کے دعوی ناز کی کر چمن مین وہ نونہال بھی ہے

عجب نہین اسکا زشت رو بھی جو آپکو جانے خوبصورت

غم جدائی نہ کھا تو ای دل فراق ہی تو وصال بھی ہے

گدائے ناچیز ہین ہمارا خیال آتا ہے کب کہ اُسکو
جو کبر جاہ و جلال ہے تو غرور حسن و جمال بھی ہے

نہ خواب و خور کا ہے دھیان مجکو نہ تن بدن کا ہے ہوش ناصح
خیال جانان مین محو ہون مین کہ جسے کچھ اپنا خیال بھی ہے

فتادگی سے غبار رہ کو ملی ہے اوج ہوا پہ جاگہ
جو آپ کو جانے سب سے ناقص برابر اسکے کمال بھی ہے

پھنسے ہین کتنے ہی طائر دل تمھارے نینو کے پیچ مین
غرض کہ ثابت ہوا یہ مجکو قبا بھی ہے اور جال بھی ہے

مثال خورشید اُسکے منھ پر نظر ٹھہرتی نہین ہے اصلا
لڑا سکے اُس سے آنکھ کوئی کسیکی اتنی مجال بھی ہے

برنگ ماہی کسی نے مجکو کیا تھا چورنگ کیا عدم مین
جو زخم شمشیر ہے بدن پر تو خلق میرا اصلال بھی ہے

گدائے نظارہ باز ہون مین جو پاس رکھتا ہے دولت حسن

اس سرا دہر میں ہر دم مقام و کوچ ہے
کوئی بیٹھا ہی کوئی پا در رکاب استادہ ہی

اسکے روے حیرت افزا کا ہی [illegible] جیسے عکس
مثل آب آئینہ دریا کا آب استادہ ہی

بیٹھنے کا حکم کب ہے محفل خوبان کے بیچ
دست بستہ سامنے ہر شیخ و شاب استادہ ہی

آفتاب صبح جسپر روز ہوتا ہے فدا
کیا یہ اُسکا خیمۂ زرین طناب استادہ ہی

گر نہ اُسکی سامنے گردن جھکا دون کیا کرون
قتل پر میری وہ سرگرم عتاب استادہ ہی

یہ وہی غافل ہی جو تھا کل تلک مسند نشین
آج گو اس در پہ باحال خراب استادہ ہے

نگاہ یار ہمسے آج بے تقصیر پھرتی ہے
کسیکی کچھ نہین چلتی ہی جب تقدیر پھرتی ہی

مرقع ہی مری آنکھون مین کیا یاران رفتہ کا
جو نظرون کے تلے ہر ایک کی تصویر پھرتی ہی

ترا دیوانہ جبسے اٹھ گیا صحراے وحشت سے
بگولے کیطرح سے ڈھونڈھتی زنجیر پھرتی ہی

تری تلوار کا منہ ہمسے پھر جائے تو پھر جائے
ہماری آنکھ کب قاتل تہِ شمشیر پھرتی ہی

کبھی تو کھینچ لائیگی اُسے گور غریبان پر
کہ مدت سے ہماری خاک دامنگیر پھرتی ہی

بیان کس منہ سے ہو ہی یار کی شیرین کلامی کا
زبان پر اپنی اب تک لذت تقریر پھرتی ہے

گر حلقۂ تسبیح مین گردن ہے کسی کی
وابستہ ہے تو رشتۂ زنار سے کوئی

تنہا نہ ہمین اسمین گئے جان سے غافل
جانبر نہ ہوا عشق کے آزار سے کوئی

چمن کوچۂ جانان سے یہ کیا آتی ہے
ناز کرتی ہوئی جو باد صبا آتی ہے

ایک وہ بت نہیں آتا ہے مرے مرقد پر
گو زیارت کو لیے خلق خدا آتی ہے

لیکے پیغام زبانی جو چلا ہے قاصد
بات بگڑی ہوئی کیا اسکو بنا آتی ہے

عشق نے عالم پیری مین ستایا ہے مجھے
نالہ کرتے ہوئے اُس مُنھ سے حیا آتی ہے

کسکے مین دست نگارین کا ہون زخمی یارب
ہر گل زخم سے جو بوے حنا آتی ہے

جی مین آتا ہے مسیحا سے مین پوچھون جاکر
مرض عشق کی بھی تجکو دوا آتی ہے

صبح کس طرح سے ہوگی شب ہجر فراق
نہ تو نیند آتی ہے مجکو نہ قضا آتی ہے

کسطرح قافلۂ ملک عدم کو ڈھونڈھین
نقش پا ملتے ہین نے بانگ درا آتی ہے

چھوڑ جاتا ہے وہ جب گھر مین اکیلا مجھکو
در و دیوار سے رونے کی صدا آتی ہے

یاد گیسو مین الجھتا ہے سر شام سے دل
رات کیا آتی ہے اک سر پہ بلا آتی ہے

جاتا ہے اسکے سر رشتۂ عمر ابدی
ہاتھ مین جب تری زلف سیاہ آتی ہے
طرف دشت جو لیلی کا گذر ہوتا ہے
ناقہ کی گرد سے وہ روز قضا آتی ہے
اس چمن مین کوئی بلبل کی کہے کیا غافل
کون کا گل مین بیان کر کے وفا آتی ہے
کوکہ جلتے ہی جان جان دیکھا ہے
گلگون کو کوئی نہ دیکھا ہے

فصل گل مین بھی ہے ہنگام خزان دیکھا ہے
مین نے اس باغ مین کیا کیا نہ سمان دیکھا ہے
غور سے آئینہ بھی تجکو کہان دیکھا ہے
نہ کرو دیکھی ہے تیری نہ دہان دیکھا ہے
ہے قسم سرو چمن کی تجھے اپنے قد کی
تو نے ایسا بھی کہین سرو روان دیکھا ہے
نامۂ لخت جگر کو جو چلا ہے لیکر
قاصد شکستہ کی اُسکا مکان دیکھا ہے
دام مین لوٹی دینگے کوئی ایا ہون

ایک عالم ہون مین بھی جہان دیکھا ہے
[illegible]
[illegible]
اے زبیخا بھی کہین یہ نیان دیکھا ہے
[illegible]
لیلۃ القدر [illegible]
[illegible]

[illegible]

گفتگو زلف کی اسکی جو کبھی آتی ہے
پیچ سے گر تری کاکل کے نکلتا ہی کوئی

پوچھتے کیا ہو تم اس خاک کے پتلے کا ثبات
بحث نالے کی کیا کرتا ہی ہمسے مجنون

کسکے مجموعۂ خاطر کو کرے گی برہم
ناتوانی سے ہون دو دن مین ہمیشہ کی

بیستون کاٹکے فرہاد نے یہ دل سے کہا
مین وہ ہکش ہون کہ گلزار مین جسکی خاطر

کون فریاد اسیران جفا سنتا ہے

بات کرنے مین زبان میری الجھ جاتی ہے
زلف پھر دام مین اپنے اسے الجھاتی ہے

جیسے تصویر گلی بنکے بگڑ جاتی ہے
اپنے دیوانے کو لیلی نہین سمجھاتی ہے

الجھے بالونکو ترے کنگھی جو سلجھاتی ہے
میری مرنے کو تو مٹی بھی نہین کھاتی ہے

اور کیا دیکھیے شیرین مجھے فرماتی ہے
اڑکے میخانے سے ہر شب بط مے آتی ہے

ہم بھی غل کرتے ہین زنجیر بھی چلاتی ہے

عرش پرواز نہین تھے ہم بھی کبھی اے غافل
اب تو یے بال و پری ٹھوکرین کھلواتی ہے

تجھسے محبوب سے جسوقت بگڑ جاتی ہے
بو کسی زلف معنبر کی مگر لاتی ہے

مرتے بن آتی ہے اور کچھ نہین بن آتی ہے
ناز کرتی ہوئی جو باد صبا آتی ہے

آنکھ آئینے سے پھر کیون تری شرماتی ہے
ہم گلستان سے نہین سنکے صبا غافل
یار کیا آتا ہے گویا کہ بہار آتی ہے
بوند آنسو کی جو آنکھون سے کبھی آتی ہے
آتش دل کو وہ ... اور بھی بھڑکاتی ہے
جب تصور مین ترے آنکھ جھپک جاتی ہے
خواب مین ایک پری مجھکو نظر آتی ہے
کسکو بیماری الفت کی دوا آتی ہے
جاتی جاتی ہے یہ بیماری نہین جاتی ہے

بست

پست کرتی ہی بگولے کو بلندی آخر
زرد ہوتا ہے کبھی چہرہ مرا گاہ سفید

سرکشی خاک مین ہر ایک کو ملواتی ہے
رنگ کیا کیا مجھے الفت تری دکھلاتی ہے

ملک رفاے سے ہمین دار بقا کو غافل
ایک ہی لغزش پا مستی مین پہونچاتی ہے

محفل عشرت بھی خوش آتی نہین اصلا مجھے
دو گھڑی بھی چین بن اُسکی نہین آتا مجھے
جسنے جرم دوستی پر جان سے مارا مجھے
کھینچتا ہی جوش وحشت جانب صحرا مجھے
آگئی پہلے ہی دلبر نا امیدی سے شکست
ذ سزاوار جہنم ہون نہ شایان بہشت
مین ہون مجبور ازل اسکا تعجب کچھ نہین
تیری چشم سرمہ سا کی آنکھین جو پائی شبیہہ
ٹھنڈی ٹھنڈی سانسین بھر کر رہ جاتا ہون مین

یاد دلواتے ہین اُسکے ساغر و مینا مجھے
میری بیتابی کریگی ایک دن رسوا مجھے
حیف وہ نا آشنا سمجھا سب کہین گے کیا مجھے
خانہ زندان مین بھی مشکل ہو رہنا مجھے
مانگتا عقبیٰ ہی مین ملتی اگر دنیا مجھے
حق تعالیٰ نے کیا ہی کس لیے پیدا مجھے
ساتھ سونے گر نہ دیوی صورت زیبا مجھے
خوش بہت آئی چمن مین نرگس شہلا مجھے
یاد آتا ہے جو وصل موسم سرما مجھے

[illegible]

سرگذشت سوز ہجران کا نہ پوچھو ماجرا	جسکو سنکر کان جلجاتین یہ وہ افسانہ ہی
آمد آمد ہے الٰہی آج کس مے نوش کی	مثل چشم منتظر جو دا ور میخانہ ہی
وہ بگڑ بیٹھے ہین جیسے آبنی ہی جان پر	ہم بیان کرتے ہین روداد زمعشوقانہ ہی
دست و پا کا خون مین بھرنا ہی دعوی عاشقان	کٹگئے سر گرنا زمین پر سجدہ شکرانہ ہی
نعمت خوان سلیمان کی نہین مجکو ہوس	مور قانع کی طرح خرمن مجھے یکدانہ ہی
جلد کر جاتے ہین عاشق ہستی سے عبور	شمع روشن بادبان کشتی پروانہ ہی
موج زن دریا مے ہی اسقدر خمخانے مین	صورت گرداب گردش مین ہر اک پیمانہ ہی
دور کرتا ہی جو خط سبز کو عارض سے تو	کیا ریاض حسن مین سبزہ بیگانہ ہی

داؤن اے غافل سمجھکر رکھ قمار عشق مین
جان کی بازی ہی یان کیا بازی طفلانہ ہی

حور کو کہتی ہین خوش چہرہ بھلا کس منہ سے	آنکھ سی آنکھ نہ گیسو ہین ترے گیسو سے
دولت حسن کے جانیکا نہ کر تو افسوس	ہاتھ آئی نہین جو چیز گئی قابو سے
جیسے تن پھونک دیا آتش فرقت نے مرا	آگ کا شعلہ نکلتا ہی بن ہر مو سے

مجکو عشق آ ہی گیا بالون کی ترے بو سے
خاک بھی ریگ روان بنکر مجھے ڈھونڈھیگی
باز آنے کا نہین مین تری جستجو سے
اسقدر یاد وہین مین سر قدون کے رویا
نکل گیا سیل اُسے اشکون کا جاسر جو سے
جیسے اطراف مین پہونچا گذر اشہر حسن
لوگ آتے ہین چلے دیکھنے ہر سو سے
طوق زنجیر مین ہوتا تو کبھی چھٹتا بھی

[illegible]

ہمارا نامۂ اعمال بھی رہا اک ساتھ
کفن کے حروف نقط زمین سے تھے
وہ دھیان آئے [illegible] زمین سے تھے
جو جذب ہو گئی پانی شوخی نقط زمین سے تھے
کون [illegible] بیان مین [illegible] زمین سے تھے
